متو

خون تمہیں نکلے شیشۂ دل کو کرے چور شاید تمہیں اب اس سے متوالے تو (ظہیر)

محفل میں تم ہو بہت بڑی چیشوائی کے لئے ہجوم کا زادہ تر لائے متوالے سے (ولی)

جو لڑتے ہیں پتھر نگاہ میں کوئی متوالے شدا سو نفرت سے کرتے ہیں حرمت والے (ظفر)

(۴) جان بازی کا ملنا کر لئے والا۔ زبر اسے والا۔ فخر کرنے والا۔ جیسے جیالے دل پہ سالا متوالا

(۵) وہ بڑا گول پتھر جو پہاڑ کے اوپر سے دشمن کو دفع کرنے کے واسطے لڑکا دیتے ہیں

رفتہ یہ پہاڑی لوگ ایسے پتھر کو دیان کہتے ہیں۔ ۵

کیسا خوب تیج متوالے نکلا چاہیئے منصب آتا تو ہے لا کر دے گئے تعزیہ کو (ناسخ)

متوالا ہونا (ہ) فعل لازم ۔ مست ہونا۔ مدماتا ہونا۔ مخمور ہونا +

مُتَوالی (ع) صفت ۔ پے درپے آنے والا + دو عدد جو برابر آئے +

مُتَوَجِّہ (ع) صفت ۔ (۱) توجہ کرنے والا۔ دھیان دینے والا + ملتفت۔ مائل اور راغب۔ مائل۔ رجوع۔ مخاطب (۲) مہربان کرنے کا ہی نظرِ عنایت رکھنے والا +

مُتَوَجِّہ ہونا (ہ) فعل لازم ۔ رجوع ہونا۔ مخاطب ہونا۔ ملتفت ہونا +

مُتَوَحِّش (ع) صفت ۔ وحشت اختیار کرنے والا۔ رمندہ۔ غیر مانوس۔ بھاگنے والا۔ متنفر

لفظ میں بھی شادی متوحش رہی ہے چھٹی نہ ملی جمعہ کو ابھی ہفتہ کے غم سے (نامعلوم)

مُتَوَرِّع (ع) صفت ۔ پارسا۔ پرہیزگار۔ پارسائی اختیار کرنے والا +

مُتوڑا (ہ) اسم مذکر ۔ بستر پر موت دینے والا۔ موال +

مُتوڑی (ہ) اسم مؤنث ۔ بستر پر موت دینے والی عورت۔ موالی +

مُتَوَسِّط (ع) صفت ۔ (۱) بیچ کا۔ درمیانی۔ بیچ بیچ کا۔ میانہ۔ اوسط درجہ کا (۲) معمولی۔ رواجی۔ بُرا نہ بھلا۔ رسمی +

مُتَوَسِّل (ع) صفت ۔ (۱) وسیلہ ڈھونڈنے والا + وسیلہ ہونے والا یعنی مربی (۲) رغبت کرنے والا۔ نزدیکی چاہنے والا۔ سبب ڈھونڈنے والا۔ وسیلہ بنانے والا +

مُتَوَطِّن (ع) صفت ۔ رہنے والا۔ باشندہ۔ وطن رکھنے والا۔ ساکن۔ مقیم۔ مکین +

مُتَوَفّیٰ (ع) صفت ۔ وفات یافتہ۔ مرا ہوا۔ انتقال کردہ شدہ ہوا جہان سے گزرا ہوا

مُتَوَقِّع (ع) صفت ۔ توقع رکھنے والا۔ امیدوار۔ آس رکھنے والا۔ مترصد +

مُتَوَقِّف (ع) صفت ۔ توقف کرنے والا۔ ٹھیرنے والا۔ دیر کرنے والا۔ تساہل کرنے والا +

مُتَوَکِّل (ع) صفت ۔ توکل پر رہنے والا۔ بھروسا کرنے والا۔ خدا کی مرضی پر شاکر رہنے والا +

مُتَوَلّی (ع) صفت ۔ کام پر رہنے والا۔ مہتمم۔ منتظم۔ سپرنٹنڈنٹ + نگرانِ کار والی۔ سرپرست +

مُتَوَہِّم (ع) صفت ۔ وہم کرنے والا۔ وسواسی +

متھانی (ہ) اسم مؤنث ۔ (پورب) بلونی۔ رئی۔ دہی بلونے کے ایک اوزار کا نام

متی

جسے متھنی بھی کہتے ہیں۔ مدھانی +

متھرا (س) اسم مذکر ۔ (از متھو بمعنی کُشتن) وہ جگہ جہاں بہت سے راکشس مارے گئے ہوں + کرشن کی جائے ولادت۔ کنہیا جی کی جنم بھوم۔ برج کے ایک مشہور شہر کا نام جو قسمت آگرہ میں واقع اور ہندوؤں کا مشہور تیرتھ۔ دریائے جمنا کے کنارے پر بستا ہے +

مُتَّہَم (ع) اسم مذکر ۔ وہ شخص جس پر تہمت لگائی گئی ہو۔ دوشی۔ اپرادھی۔ ملزم

متھن (س) اسم مذکر ۔ آسمان کا تیسرا برج۔ جوزا۔ اس برج میں ۵ جون کے قریب آفتاب داخل ہوتا ہے اسکے لئے کی چھ قی حرف مخصوص ہیں جن کو راس کہتے ہیں +

متھنا (ہ) فعل متعدی ۔ (۱) بلونا۔ رئی پھیرنا۔ رِڑکنا۔ مکھن نکالنے کے واسطے دہی کو بلونا۔ شیر زدن کا ترجمہ (۲) مارنا پیٹنا۔ (۳) کسی بات کو کھود کھود کر پوچھنا۔ بار بار کہنا +

متھنی (ہ) اسم مؤنث ۔ بلونی۔ رئی۔ وہ لکڑی جس سے دہی بلوتے ہیں۔ مدھانی +

مِتّی (ہ) اسم مؤنث ۔ (۱) تیتھی۔ تاریخ۔ ترتھ۔ پروشٹی۔ (۲) سود کی تاریخ۔ وہ تاریخ جس سے سود لگایا جائے (۳) روپیہ ادا کرنے کا وقت جیسے اس ہنڈی میں دس دن کی متی ہے (۴) سود۔ نفع۔ بیاج +

متی پُگنا (ہ) فعل لازم ۔ روپیہ ادا کرنے کی تاریخ کا پورا ہو جانا۔ ہنڈی کی میعاد کا ختم ہو جانا +

متی چڑھانا (ہ) فعل متعدی ۔ ہندو۔ تاریخ ڈالنا۔ تاریخ لکھنا +

متی کاٹا (ہ) اسم مذکر ۔ وہ حساب جسکے موافق صراف لوگ بتہ سینہ کا سُود ہنڈی پر لیتے ہیں۔ کٹوتی +

متی کاٹنا (ہ) فعل متعدی ۔ سُود وضع کرنا۔ کٹوتی کرنا +

متی دار (ہ) صفت ۔ (ہندو) تاریخوار۔ تاریخ کے بموجب +

مِتیرا (ہ) اسم مذکر ۔ چھوٹا تربوز + ہندوانہ خربزہ۔ ایک قسم کا تربوز +

متیسا (ہ) صفت ۔ دوغلا۔ دونسلا۔ دو اصل کا۔ دوغلے انگریز۔ فارسی میں اسے میستا مستعمل کیا ہے (یہ لفظ فرنچ زبان کے Meatise متیس سے بنایا گیا ہے) دوش دیدہ بکالبد مستیسلے جنبش مردم و جنبش لب عیسائے (خاص)

مُتَیَقَّن (ع) صفت ۔ یقین کیا گیا۔ وہ امر جسکا یقین ہو +

مَتِین (ع) صفت ۔ (۱) استوار۔ مضبوط۔ محکم (۲) ٹھوس۔ بڑ بنگر۔ (۳) گمبھیر۔ مستقل مزاج (۴) با اصطلاح تازہ) بولیسیا۔ علت مشائخ والا (۵) دقیق۔ مشکل ۔